آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس 59 ویں سالانہ اجلاس عام کے اختتام پر سبکدوش ہوجائیں گے۔اہل ہونے کے ناتے انھوں نے خودکو دوبارہ تقرر کے لیے پیش کیا ہے۔جیسا کہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے تحت ضروری ہے،بورڈ آڈٹ کمیٹی نے 30 جون، 2019 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے ان کے دوبارہ تقرر کی سفارش کی ہے اور بورڈ، آڈٹ کمیٹی کی سفارش سے اتفاق کرتا ہے لہٰذا اس نے کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے ان کے دوبارہ تقرر کی سفارش کی ہے۔

تقرر کے لیے جن آڈیٹرز کی سفارش کی گئی ہے وہ انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان کے " کوالٹی کنٹرول ریویو پروگرام" کے تحت اطمینان بخش ریٹنگ کے حامل ہیں۔